# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** معمے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زُ اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ چارٹ پیپر کا پہیا، سوالات کی پرچیاں، الفاظ کے حروف کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے کہیں آج ہم ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گے۔ پہیا گھماؤ، جواب بتاؤ۔
- اب بورڈ پر چارٹ سے ایک پہیا بنا کر رکھیں اس پہیے پر چار خانے بنے ہوں۔ جن پر 4، 3، 2، 1 نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- دوسری طرف 'حمد' کے چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور پرچیاں بند کر کے ان کے اوپر 1 تا 4 نمبر لکھیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر متعین کریں۔
- ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلائیں اور پہیا، گھمانے کے لیے کہیں پھر پہیا جس نمبر پر رکے گا اس نمبر کی پرچی کھول کر اس سوال کا جواب اس گروہ کے بچے دیں گے۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے دوسرے گروہوں سے بھی کروائیں۔ اس سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں حروف مل کر کیا بناتے ہیں؟ انھیں بتائیں آج ہم سوال نمبر 6 کی سرگرمی کریں گے۔
- اب سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں بنائیں۔
- جماعت میں بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کے سامنے باری باری ٹوکری کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں ان کے پاس جن الفاظ کی پرچیاں آئی ہیں وہ شیٹ میں دیے گئے معمے میں سے تلاش کر کے اس کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر معما بنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے بچے کو بلا کر معمے میں اس لفظ کے گرد دائرہ لگائیں جن کی پرچی اس کے پاس آئی ہو۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی سارے گروہوں سے کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتابیں کھولیں اور سوال نمبر 6 کو کتاب پر حل کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** نظم پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں۔
مترادف اور متضاد الفاظ کے فرق کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ واحد الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ایک گیم کھیلیں۔ ایک گتے کا ڈبا لیں اور اس پر کوئی رنگ دار کاغذ چڑھا لیں۔
- اب اس ڈبے میں حمد میں سے چند مصرعے لے کر ان کی پرچیاں بنا کر ڈال دیں۔
- ایک پرچی پر ایک مصرع لکھیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے ڈبے میں سے ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- وہ بچہ پرچی پر لکھا ہوا مصرع پڑھے گا اور دوسرا گروہ اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے گا۔ اور شعر کا مفہوم بھی بتائے گا۔
- درست جواب دینے والے گروہ کو پانچ نمبر دیے جائیں گے۔
- اب دوسرے گروہ کا کوئی بچہ پرچی نکال کر مصرع پڑھے گا اور پہلے گروہ کے بچے اگلا مصرع پڑھ کر شعر مکمل کریں گے اور مفہوم بھی بتائیں گے۔
- اس طرح آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں مرکزی خیال کسے کہتے ہیں ان کے جوابات لیں اور غلطی کی صورت میں شائستگی سے اصلاح کریں۔
- بچوں کو بتائیں مرکزی خیال سے مراد وہ تصور ہے جسے بنیاد بنا کر شاعر کوئی نظم لکھتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم سوال نمبر 7 میں دی گئی نظم پڑھ کر اس کا مرکزی خیال سمجھیں گے۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیں اور انھیں خاموشی سے سوال نمبر 7 میں دی گئی نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انھیں کہیں کہ وہ بتائیں اس نظم میں اللہ تعالیٰ کے کن کن احسانات کا ذکر کیا گیا ہے؟
- بچوں سے پوچھیں دی گئی نظم کو پڑھ کر ان کے ذہن میں جو اہم نکات آئے ہیں انھیں اپنی ساتھ نشست پر ساتھی کو سنائیں اور اس کے اہم نکات بھی سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچوں کو بلائیں اور جماعت کے سامنے مرکزی خیال سنانے کا کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں سے الفاظ متضاد اور مترادف کا تصور پوچھیں انھیں بتائیں ہم معنی الفاظ مترادف کہلاتے ہیں جیسے ارض۔ زمین
- جبکہ ایسے الفاظ جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کے اُلٹ ہوں متضاد الفاظ کہلاتے ہیں جیسے زمین۔ آسمان۔

| |
|---|
| • جماعت کو گروہوں میں تقسیم کریں۔<br>• سوال نمبر 8 کی سر گرمی کے لیے دیے گئے الفاظ کے تصویری فلیش کارڈز بورڈ پر چسپاں کریں۔<br>• اور اس کے آگے دو کالم بنائیں متضاد اور مترادف۔<br>• اب باری باری دونوں گروہوں سے متفرق بچوں کو بلا کر متضاد اور مترادف لکھوائیں یعنی ایک گروہ سے متضاد الفاظ جبکہ دوسری گروہ سے مترادف الفاظ لکھوائیں۔<br>• اگر کسی گروہ کا بچہ درست جواب نہ دے سکے تو دوسرا گروہ آکر جواب دے۔<br>• جس گروہ کے بچے درست طور پر سر گرمی کریں گے وہ گروہ یہ کھیل جیت جائے گی۔<br>• جیتنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصر اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 8 میں دیے گئے الفاظ کے متضاد اور مترادف بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** لغت میں الف بائی ترتیب سے الفاظ کے معانی تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو چہارم"، حروف تہجی کے کارڈ، دو لغات بورڈ مارکر/چاک، کتاب تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کارڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ تختۂ تحریر،

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بورڈ پر آٹھ سے دس حروفِ تہجی کے چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ بے ترتیبی سے لگادیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ کیا ان حروف کی ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے درست ہے؟ ہاتھ بلند کروا کے بچوں سے جواب لیں۔
- کسی بچے سے کہیں کہ وہ بلند آواز میں حروف تہجی کو سنائے اور اسی دوران میں کوئی دوسرا بچہ ان تمام حروفِ تہجی کو استاد کی مدد سے بورڈ پر ترتیب دے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ حروف یا الفاظ کو ترتیب سے لکھنا یا پڑھنا اور ترتیب دینا الف بائی ترتیب کہلاتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھنا سیکھیں گے۔
- بورڈ پر چند الفاظ لکھیں جیسے: بصارت، گوہر، مصلحت، نگہبان، قول، اجلا۔
- اب بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کو خود الف بائی ترتیب کے مطابق نمبر لگائیں۔ الف بائی ترتیب درج ذیل ہو گی: اجلا، بصارت، قول، گوہر، مصلحت، نگہبان۔
- بچوں کو مزید بتائیں کہ اگر دو الفاظ ایک ہی حرف سے شروع ہوتے ہوں تو اس لفظ کے دوسرے حرف کو دیکھیں، پھر اس کے مطابق الفاظ کو الف بائی ترتیب دی جائے مثلاً لفظ "بزرگ" اور "بنیاد" دونوں حرف "ب" سے شروع ہوتے ہیں۔ اب اس کے لیے ضروری ہے کہ حرف "ب" کے بعد دوسرا حرف دیکھا جائے کہ الف بائی ترتیب میں کس کا نمبر پہلے آتا ہے۔
- لفظ "بزرگ" میں حرف "ب" کے بعد حرف "ز" ہے اور لفظ "بنیاد" میں حرف "ب" کے بعد حرف "ن" موجود ہے جو حرف "ز" کے بعد آتا ہے۔ لہٰذا الف بائی ترتیب کے مطابق لفظ "بزرگ" پہلے اور لفظ "بنیاد" بعد میں لکھا جائے گا۔ مزید دو الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی الف بائی ترتیب کے بارے میں دریافت کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کو لغت دکھائیں اور انھیں بتائیں کہ لغت میں بھی تمام الفاظ الف بائی ترتیب سے درج ہوتے ہیں۔

- جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں دو لغات اور سوال نمبر ۶ میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل شیٹیں دیں، جن کے سامنے ان کے معانی لکھنے کی جگہ ہو اور نیچے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھنے کی جگہ بھی ہو۔
- ایک گروہ کے حصے میں چار الفاظ آئیں گے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ لغت میں سے دیکھ کر ان الفاظ کے معانی شیٹ پر ان کے سامنے لکھیں اور پھر ان الفاظ کو الف بائی ترتیب سے نیچے دی گئی جگہ میں لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو شیٹ سمیت بلا کر ان سے کہیں کہ وہ اپنی شیٹیں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھے ہوئے الفاظ، ان کے معانی اور ان کی الف بائی ترتیب پڑھ کر سنائیں۔
- جس گروہ نے درست معانی تلاش کیے ہوں گے اور الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھا ہو گا، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں الف بائی ترتیب اور تیسرے میں معانی کی سرخی لکھ دیں۔
- الفاظ والے کالم میں سوال نمبر ۴ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھیں۔ بچوں کی مدد سے دوسرے کالم میں ان الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کے معانی پوچھیں اور معانی موالے کالم میں لکھیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں اور اس پر دیا ہوا سوال نمبر ۶ حل کریں اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ دے دیں۔ ہر شیٹ پر ایک مخصوص عنوان درج ہو۔ جیسے: پھل، جانور اور اسکول۔ بچوں سے کہیں کہ وہ عنوان کے مطابق اپنی شیٹ پر پانچ پانچ چیزوں کے نام لکھیں۔ ہر چیز کا نام ایک مختلف حرف سے شروع ہونا چاہیے یعنی ایک حرف سے ایک شیٹ پر صرف ایک چیز کا نام ہو۔ بچے جب اس بات کو سمجھ لیں تو انھیں کام کرنے کے لیے ایک مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد استاد وہ شیٹیں ان گروہوں سے لے کر گروہوں کے درمیان ادل بدل کر کے بانٹ دیں۔ استاد بچوں سے ان شیٹوں پر لکھے ہوئے ناموں کو الف بائی ترتیب کے مطابق لکھنے کے لیے کہیں۔ سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |
| **مقاصد:** اشعار کی نثر لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، گلاب اور چنبیلی پر مبنی پرچیاں، چار پرچیوں پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں، ٹوکری | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں داخل ہوں، بچوں کو سلام کریں اور ان سے جواب لیں۔ جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنالیں۔
- ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق گلاب اور چنبیلی پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھادیں۔
- بچوں کو ایک بار نظم "حمد" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ نظم کے مطالعے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات اس سے بھی سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اشعار کی نثر بنانا سیکھیں گے۔
- بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 6 کھلوائیں۔
- اس پر دیے گئے سوال نمبر 10 کے اشعار کو استاد تختۂ تحریر پر لکھ لیں۔ بچوں سے ایک بار ان کی خواندگی کروائیں۔
- اشعار کی نثر کروانے کے لیے استاد بچوں کی رہنمائی کریں کہ اشعار میں موجود الفاظ کی ترتیب کو اس طرح سے ترتیب دیں کہ جس سے ایک سادہ جملہ بن جائے۔
- حمد کے کسی ایک مصرعے کی نثر بطور مثال استاد خود بنا کر دکھائیں۔
- **مصرع: اللہ تو ہے رحمت والا نام ہے تیرا برکت والا**
- **نثر: اللہ تو رحمت والا ہے اور تیرا نام برکت والا ہے۔**
- اب تین پرچیوں پر 1 تا 3 نمبر لکھیں اور انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔

- بچوں کے تین گروہ بنادیں اور انھیں باری باری ٹوکری میں سے ایک ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا نمبر پڑھیں۔ ان کے پاس جن نمبر کی پرچی آئے گی، وہ سوال نمبر 7 کے تحت دیے ہوئے اسی مصرعے کی نثر کرے گا۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تفویض کردہ مصرعے کی مل کر نثر کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے اس کی بنائی ہوئی نثر سنیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اگر کوئی گروہ درست نثر نہ بنا سکے تو دوسرے گروہ سے بنوائیں۔ کوشش کریں کہ بچے خود ہی ان مصرعوں کی نثر بنائیں۔ بورڈ پر مصرعے لکھ کر خود ان کی نثر بنائیں اور پڑھائیں۔

| مصرعے | نثر |
|---|---|
| اے خدا شان تیری عالی ہے | |
| دونوں عالم کا تو ہی والی ہے | |
| یہ کرشمہ ہے تیری قدرت کا | |
| مہکی مہکی جو ڈالی ڈالی | |

**اعادہ:** (3 منٹ) نثر بنانے کا طریقہ بتائیں۔ چند مصرعوں کی نثر کر کے دکھائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) حمد کے مختلف اشعار کی نثر بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق پیرا گراف لکھ سکیں۔

ذرائع ابلاغ، یا دیگر ایسے ذرائع سے نظمیں اور گیت سن کر دوسروں کو سنائیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت میں آنے سے پہلے ابلاغ کے کسی ذرائع مثلاً کمپیوٹر سے نظمیں ڈاؤن لوڈ کر کے لائیں۔
- جماعت میں بچوں کو گروہوں میں بٹھائیں اور ڈاؤن لوڈ کی گئی نظموں اور گیتوں کو انھیں سنائیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ نظموں اور گیتوں کو توجہ سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کو جماعت کے سامنے باری باری بلائیں اور اپنی پسندیدہ نظم یا گیت پوری جماعت کو سنانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے ان کے پسندیدہ ملی نغموں پر بات چیت بھی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- اب بورڈ پر سوال لکھیں۔
- حمد میں بیان کی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے؟
- بچوں سے ایک بار حمد کی بلند خوانی کروائیں تاکہ سبق کا اعادہ ہو سکے۔
- اب ان سے زبانی پوچھیں کہ ان نعمتوں کے کیا فائدے ہیں؟
- ان کے خیالات کو توجہ سے سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کسی بھی موضوع سے متعلق لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ ہوں۔ اور لکھے جملوں میں ربط اور تسلسل پایا جائے۔
- بچوں کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہترین شکل و صورت اور ذہنی صلاحیتوں سے نوازا ہے اور طرح طرح کی نعمتوں کے دروازے ہم پر کھول دیے ہیں۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار کرنا بھی چاہیں تو نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے سورج کو روشنی اور حرارت کا منبع بنایا۔ اسی حرارت اور روشنی کی وجہ سے گندم، چاول، پھل سبزیاں اُگتے ہیں۔
- اسی طرح دن کے وقت دنیا میں سورج مزین کیا تو رات کے وقت چاند کو مرکز بنا کر آسمان کی دلکشی میں اضافہ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی مادی ضروریات کے ساتھ ساتھ روحانی ضروریات کا بھی خیال رکھا اور صراط مستقیم پر چلانے کے لیے نبی اور رسول مبعوث فرمائے۔
- اہم نکات بتانے کے بعد بچوں کو کہیں کہ دس جملوں پر مشتمل پیرا گراف لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں وقت دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ جماعت کے سامنے باری باری اپنے لکھے جملوں کو دہرائیں۔<br>• بہترین پیراگراف لکھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے لکھے گئے پیراگراف سے اہم نکات نکال کر ایک چارٹ پیپر پر خوش خط لکھوائیں۔ اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر کا کام مکمل کر کے لانا ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم | |

**مقاصد:** نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، بورڈ مارکر/چاک، نظم میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں، گتے کا ڈبا۔ نمبر 1 تا 4 کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے تختہ تحریر پر نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے بارے میں ایک خاکہ بنائیں۔ جیسے:

| صادق اور امین | مدینہ منورہ | نبوت | غارِ حرا | رحمت اللعالمین |
|---|---|---|---|---|

- بچوں سے کہیں کہ اس خاکے کو غور سے دیکھیں۔ اس میں لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور سوچ کر بتائیں کہ یہ کس شخصیت کے بارے میں ہیں؟ جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنادیں۔۔ ہر جوڑی یا گروہ سے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی ایک ایک خوبی کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کے لیے کہیں۔
- استاد بچوں کو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے بارے میں اختصار سے درج ذیل باتیں بتائیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے والدین، پیدائش، پرورش، تربیت، مشاغل، حلیہ مبارک، نبوت، آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی خوبیاں جیسے: راست گوئی، امانت، دیانت، ایفائے عہد، سراپا شفقت، رحمت العالمین، نبی آخر الزمان، وغیرہ۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی تعریف بیان کی جائے اسے "نعت" کہتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نعت پڑھیں گے۔
- نظم "نعت" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک کاغذی جیب میں نظم "نعت" میں سے مشکل الفاظ پر مبنی کارڈ رکھ دیں، کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں جیب میں سے کوئی سا بھی کارڈ نکالنے اور الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔
- درست پڑھائی پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کردیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اس کے بعد الفاظ کے یہ کارڈ لفظی جیب میں ڈال کر لفظی دیوار پر چسپاں کردیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 7 کھلوائیں۔ بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔

- اب پانچ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری پانچوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ نظم کے اسی شعر کی بلند خوانی کرے گا۔
- نمونے کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر شعر کے اختتام پر بچوں کو اس کا مفہوم بتائیں۔ بچوں کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں **معلومات** دیں۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔
- اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھ رہے ہوں نہ کہ نثر کے انداز میں جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ پڑھائی گئی نظم میں سے کوئی لفظ بولے۔ دوسرا گروہ نعت میں جس مصرعے میں وہ لفظ آیا ہو، وہ شعر پڑھیں۔ اسی طرح دوسرا گروہ مشکل لفظ بولے۔ پہلا گروہ نعت میں جس شعر میں وہ لفظ آیا ہو وہ پڑھ کر سنائے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت کے کام کی گھر میں دہرائی کر کے آئیں۔